# جنسی حملے(Sexual Assault)کا شکار بننے والوں کیلئے کتابچہ

**محترم ستم رسیدہ،**

ہم جانتے ہیں کہ آپ کیلئے یہ وقت بہت کٹھن ہے۔ آپ کیلئے یہ جاننا بہت اہم ہے کہ ٹورانٹو پولیس سروس (ٹی پی ایس)[Toronto Police Service (TPS)] مدد اور سہارا فراہم کرنے کیلئے موجود ہے۔

ٹی پی ایس اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ جنسی حملے سے متاثر ہونے والے ہر ایک فرد سے عزت، وقار، منصف مزاجی اور ایمانداری اور پیشہ ورانہ اور تعصب سے پاک انداز کے ساتھ برتاؤ کیا جانا چاہیئے۔

پیشہ ورانہ اور مکمل طور پر تفتیش کے ذریعے کیس کا مناسب حل تلاش کرنا، اور اس کے ساتھ ساتھ آپ کی مدد کیلئے ضروری معلومات اور وسائل فراہم کرنا ہمارا فرض ہے۔

جنسی حملے سے متاثر ہونے والا فرد ہونے کے ناطے، اس کتابچے تک رسائی اور/ یا ہماری ویب سائٹ پر جانے کے ذریعے آپ نے ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ اس تدبیری کتابچے میں جنسی حملے کی تحقیقات، ممکنہ نتائج اور مجرمانہ عدالتی طریق کار پر معلومات موجود ہیں۔ اس میں ہم نے مالی تلافی والے پروگراموں اور ٹورانٹو میں پیشہ ورانہ مشاورت اور مدد کیسے حاصل کرنی ہے پر معلومات بھی شامل کی ہیں۔

اگر آپ پولیس میں رپورٹ نہیں کرنا چاہتے، یا آپ کو یہ فیصلہ کرنے کیلئے وقت اور مدد کی ضرورت ہے، تو ہم بہت سی ایسی ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری کر چکے ہیں جو اس مشکل وقت میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ ان ایجنسیوں کی فہرست اور ان کی ساتھ رابطے کی معلومات اس کتابچے کے پیچھے موجود ہیں۔

ہمارا مقصد جنسی حملہ کرنے والے قصوروار فرد یا افراد کو شناخت کرنا، گرفتار کرنا اور قانونی کاروائی کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، جنسی حملے کا نشانہ بننے والا فرد ہونے کے ناطے آپ کیلئے جو سب سے بہتر طریق کار ہے اس کے حوالے سے آپ جو بھی انتخابات کرتے ہیں ہم ان کی تائید کرتے ہیں۔

# کتابچے کی فہرست مضامین


اس وقت کے دوران میں کیا محسوس کررہی ہوں گی؟
میں زندگی کا ساتھی، ماں یا دوست ہوں: میں کیا کرسکتی/ سکتا ہوں؟
جنسی حملہ کیا ہے؟
جنسی سرگرمی کیلئے رضامند ہونے کا مطلب کیا ہے؟
کیا "نہیں" کہنا ہی یہ بتانے کا واحد طریقہ ہے کہ میں رضا مند نہیں ہوں؟
اگر میں شروع میں جنسی عمل کیلئے راضی ہوتی ہوں، اورپھر بعد میں اپنا ارادہ تبدیل کرلیتی ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟
جنسی حملے کے بعد میرے انتخابات کیا ہیں؟
کیا میں جنسی حملہ ہونے کے سالوں بعد بھی اس کی رپورٹ کرسکتی/ سکتا ہوں؟
اگر میں جنسیاتی پیشے میں کام کرتی ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟ اگر پولیس کو یہ بات معلوم ہو جائے تو کیا مجھے گرفتار کر لیا جائے گا؟
اگر میں پولیس کو رپورٹ کرتی ہوں تو کیا میری امیگریشن کی حیثیت متاثر ہوگی؟
کیا مجھ سے میرے امیگریشن کے رتبے کے بارے میں سوال کیا جائے گا؟
اگر میں معذور ہوں تو اس صورت میں کیا ہو گا؟ میں پولیس کو کال کیسے کروں؟
اگر میں پولیس کو کال کرتی ہوں، تو آگے پھر کیا ہو گا؟
جنسی حملے کے ثبوت کی کِٹ (ایس اے ای کے)[Sexual Assault Evidence Kit (SAEK)]کیا ہے؟
ایس اے ای کے سے معائنہ کہاں کیا جائے گا؟
کیا ایس اے ای کے سے متعلق میرے پاس کوئی انتخابات ہیں؟
ایس اے ای کے معائنے کو پولیس کے حوالے کردینے کی میری رضا مندی کے بعد کیا ہوتا ہے؟
میرے کیس سے متعلقہ دیگر کس قسم کے ثبوت ہو سکتے ہیں؟
میرے کیس کی تفتیش کون کرے گا؟
کیا سب کو پتا چل جائے گا کہ میرے ساتھ کیا ہوا؟
گرفتاری کے بعد کیا ہوتا ہے؟
اگر مجرم نہ پکڑا جائے تو پھر کیا ہوتا ہے؟
کیا پولیس ہمیشہ ملزم پر فرد جرم عائد کرتی ہے؟
عدالتی عمل میں کتنا عرصہ لگ جاتا ہے؟
عدالت میں کیا ہوتا ہے؟
ابتدائی عدالتی سماعت کیا ہے؟
مقدمہ کی سماعت کیا ہوتی ہے؟
کیا مجھے عدالت میں شہادتی بیان دینا پڑے گا؟
اگر مجھے انگریزی میں بات چیت کرنے میں دقت ہے تو پھر کیا ہوگا؟
ستم رسیدہ کے متاثر ہونے والا بیان کیا ہے؟
جج کس قسم کی سزا تجویز کرسکتا ہے؟
عارضی رہائی کیا ہوتی ہے؟
مجرم کو جیل سے کب رہا کیا جائے گا؟
کینیڈین جرم کا شکار ہونے والوں کے حقوق کا قانون (سی وی بی آر)[Canadian Victims Bills of Rights (CVBR)]
کیا میں کسی مالی تلافی کیلئے اہل ہوں؟

### میں ٹورانٹو میں مدد اور کونسلنگ کہاں تلاش کر سکتی / سکتا ہوں؟

## اس وقت کے دوران میں کیا محسوس کر رہی ہوں گی؟

محسوس کرنے کیلئے کوئی ایک "صحیح" طریقہ نہیں ہے۔ جنسی حملہ صدمے کا باعث بن سکتا ہے، اور دونوں، وقوعہ سے پہلے اور بعد میں مختلف جذبات، خیالات، اثرات اور احساسات کی وجہ بن سکتا ہے۔ بہت زیادہ دباؤ والی صورتوں میں ہر فرد کا رد عمل مختلف ہوتا ہے اور تمام افراد کے ردعوامل کی شدت ایک جیسی نہیں ہوگی، اور ایک ہی عرصہ تک طویل بھی نہیں ہوگی۔ تاہم، یہ جاننا ضروری ہے کہ ردعمل جو بھی ہو، یہ حسب معمول انسانی ردعمل ہے۔ اس کتابچے کے پیچھے، آپ کو ان ایجنسیوں اور ان سے رابطے کی معلومات ملیں گی جو اس مشکل وقت میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔

## میں زندگی کا ساتھی، ماں یا دوست ہوں: میں کیا کر سکتی / سکتا ہوں؟

ایسے افراد جو جنسی حملے کا شکار ہوئے ہیں انہیں اپنے خاندانوں اور دوستوں کی مدد کی ضرورت ہے۔ جنسی حملے سے گزرنے والے افراد شرمندگی، پریشانی اور خوف محسوس کر سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اس بارے میں بات نہ کرنا چاہتے ہوں کہ کیا ہوا ہے۔ جب وہ بات کرنے کیلئے تیار ہوں تو آپ انہیں سننے کیلئے تیار رہیں۔ انہیں یہ احساس دلائیں کہ آپ ان کی پروا کرتے ہیں اور جو کچھ ہوا ہے اس کیلئے ان کی جانچ پڑتال نہ کریں یا انہیں الزام مت دیں۔ اس طریق کار کے دوران وہ جو بھی انتخابات کرتے ہیں اس میں ان کی تائید کریں۔ ہو سکتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو قصوروار محسوس کریں، لیکن جو کچھ بھی ہوا ہے اس میں ان کی غلطی ہرگز نہیں ہے۔ انہیں اس پیغام کا احساس دلا کر آپ ان کیلئے بہت مددگار ثابت ہو سکتے ہیں۔

اس کتابچے کے پیچھے، آپ کو ان ایجنسیوں اور ان سے رابطے کی معلومات ملیں گی جو اس مشکل وقت میں آپ کی اور آپ کے پیاروں کی مدد کر سکتی ہیں۔

## جنسی حملہ کیا ہے؟

جنسی حملہ کسی قسم کا بھی غیر مطلوب جنسی تعلق ہے۔ جنسی حملہ جنس، عمر، اور ثقافتی پس منظر کی پرواہ کئے بغیر کسی کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔ اس میں غیر مطلوب چومنا، ہاتھ لگانا، دخول کرنا یا دخول کی کوشش کرنا شامل ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہے۔ یہ اس سے زیادہ بھی ہو سکتا ہے۔

کوئی بھی جنسی حملے کا ارتکاب کر سکتا ہے؛ کوئی اجنبی، دوست، ساتھی، خاندان کا کوئی فرد یا صاحب اختیار فرد۔

## جنسی سرگرمی کیلئے رضامندی (Consent) کا کیا مطلب ہے؟

رضامندی ارادی اور مستعد اقرارنامہ ہے، جس کا اظہارکسی مخصوص جنسی سرگرمی میں حصہ لینے کیلئے فریقین یکساں طورپرکرتے ہیں۔ رضامندی سے مراد یہ ہے کہ ایک فرد یہ سمجھتی/سمجھتا ہے کہ وہ کسی بات سے، اور ممکنہ مثبت اور منفی نتائج سے متفق ہو رہی/ رہا ہے۔

رضامندی اس وقت **نہیں دی جاتی** جب:

- آپ کو شراب یا ادویات کے استعمال کے ذریعے ناکارہ بنا دیا گیا ہو؛
- آپ رضامندی نہ دینے کے نتائج سے ڈرتی ہیں؛
- آپ ڈرا ہوا یا خوف زدہ محسوس کرتی ہیں؛
- آپ کو مجبور کیا گیا ہو (ڈرانے، دھمکانے اختیار کے ناجائز استعمال، سازش، فریب یا حرکات اور الفاظ کی رشوت کے ذریعے اپنے آپ کو دوسرے کے حوالے کر دینے کیلئے مجبور کیا گیا ہو)؛
- آپ کو بات ماننے کیلئے جسمانی طورپر مجبورکیا گیا ہو؛
- آپ "نہیں" کہتی ہیں، چاہے زبانی یا جسمانی طورپر (مثلاً، روتے ہوئے، ٹھوکر مارتے ہوئے، پیچھے کو دھکا دیتے ہوئے)؛ اور/ یا
- آپ معذور ہیں یا آپ کو دماغی صحت کا مسئلہ درپیش ہے جس کی وجہ سے آپ ہر بات کو مد نظر رکھتے ہوئے فیصلہ نہیں کر سکتی۔

رضامندی صرف وہ فرد دے سکتا ہے جو جنسی سرگرمی میں حصہ لے رہا ہو؛ یہ آپ کی جانب سےکوئی دوسرا فرد نہیں دے سکتا، مثال کے طورپر، ماں/باپ، بھائی، بہن، ساتھی، شریک حیات، یا دوست نہیں دے سکتا۔

رضامندی کو فرمانبرداری کے ساتھ نہیں ملانا چاہیئے، جبکہ آپ نے کسی بھی جنسی عمل میں دباؤ، دھمکیوں، نتائج کے خوف یا فریب کی وجہ سے حصہ لیا۔

## کیا "نہیں" کہنا ہی یہ بتانے کا واحد طریقہ ہے کہ میری رضا مندی شامل نہیں ہے؟

نہیں۔ آپ اپنے لفظوں **یا** حرکات سے بتا سکتی ہیں کہ آپ رضامند نہیں ہیں۔ "لڑنا، بھاگ جانا یا سکتے کی حالت میں آجانا" یہ سب ہی صدمے سے متعلقہ رد عمل ہیں۔ حرکات، جیسے کہ کوشش کرنا، چھوڑ کر جانے کی کوشش کرنا، یا یہ حقیقت کہ آپ حرکت نہیں کر سکتیں ان سب سے یہی پتا چل سکتا ہے کہ آپ نے رضا مند نہیں ہیں۔

## اگر میں شروع میں جنسی عمل کیلئے راضی ہوتی ہوں، اور پھر بعد میں اپنا ارادہ تبدیل کر لیتی ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

جب آپ جنسی عمل کیلئے رضامند نہیں ہوتیں، تو پھر رضامندی نہیں رہتی۔ ایک قسم کے جنسی عمل کیلئے رضامند ہونے کا مطلب یہ نہیں ہوتا کہ آپ کسی بھی دوسرے جنسی عمل کیلئے رضامند ہیں۔

کوئی فرد جنسی حملے کا پھر بھی شکار ہو سکتا ہے خواہ وہ جنسی حملے کا نشانہ بنانے والے فرد کے ساتھ ماضی میں رضامندی کے ساتھ جنسی عمل میں شریک ہی کیوں نہ رہا ہو– کسی کو بھی یہ فرض نہیں کر لینا چاہیئے کہ اگر ماضی میں کسی فرد کے ساتھ رضامندی کے ساتھ جنسی عمل ہوا ہو، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ مستقبل کے جنسی عمل کیلئے خودبخود رضامندی ہو جاتی ہے – ہر مرتبہ رضامندی کی ضرورت ہوتی ہے۔

## جنسی حملے کے بعد میرے انتخابات کیا ہیں؟

جنسی حملے کا نشانہ بننے والا فرد ہونے کے ناطے، طریق کار سے متعلقہ جو انتخابات بھی آپ کرتے ہیں اور جو کچھ بھی آپ کے حق میں بہتر ہے ہم اس کی احترام کے ساتھ تائید کرتے ہیں۔
جنسی حملے کا نشانہ بننے والوں کیلئے مندرجہ ذیل انتخابات موجود ہیں:

- آپ پولیس کو جنسی حملے کی رپورٹ کر سکتی ہیں؛
- آپ کمیونٹی سپورٹ ایجنسیوں کی جانب سے طبّی اور/یا جذباتی مدد حاصل کر سکتی ہیں؛
- آپ اس فرد کے خلاف دیوانی کاروائی (مثلاً دعویٰ کرنا) کر سکتی ہیں جس نے آپ کے ساتھ جنسی تشدد کیا ہو۔

## کیا میں جنسی حملہ ہونے کے سالوں بعد بھی اس کی رپورٹ کر سکتی/سکتا ہوں؟

کینیڈا میں، جنسی جرائم کیلئے مدت سے متعلق کوئی خاص قانون نہیں ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ اس سے فرق نہیں پڑتا کہ یہ کتنا عرصہ پہلے ہوا ہے آپ پولیس میں رپورٹ کر سکتی ہیں اور کسی پر بھی جنسی حملے کا الزام عائد کیا جا سکتا ہے۔

## اگر میں جنسیاتی پیشے میں کام کرتی ہوں تو اس صورت میں کیا ہوگا؟ اگر پولیس کو یہ بات معلوم ہو جائے تو کیا مجھے گرفتار کر لیا جائے گا؟

کوئی بھی کسی بھی وقت، کہیں بھی، کسی کے بھی ذریعے جنسی حملے کا نشانہ بن سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جنس کے پیشے میں کام کرنے والے کو کلائنٹ جنسی حملے کا نشانہ بنا سکتا ہے۔ کسی قسم کے بھی جنسی تعلق جس کیلئے رضامندی نہ دی گئی ہو وہ جنسی حملہ ہوتا ہے۔ اگر آپ کو جنسیاتی پیشے میں کام کے دوران نشانہ بنایا گیا ہے تو آپ کو گرفتار نہیں کیا جائے گا۔

## اگر میں پولیس کو رپورٹ کرتی ہوں تو کیا میری امیگریشن کی حیثیت متاثر ہوگی؟

نہیں۔ پولیس کو رپورٹ کرنے سے آپ کی امیگریشن کی حیثیت متاثر نہیں ہوگی۔

## کیا مجھ سے میرے امیگریشن کے رتبے کے بارے میں سوال کیا جائے گا؟

ایسے مخصوص حالات ہو سکتے ہیں جن میں ممکن ہے کہ افسر کو قانونی طور پر آپ کے امیگریشن کے رتبے کے بارے میں سوال کرنا پڑ جائے۔یہ صورتیں مندرجہ ذیل ہیں:

- کوئی ایسا نشانہ بننے والا فرد یا گواہ جسے گواہ کی حفاظت کے صوبائی پروگرام (Provincial Witness Protection Program) میں داخلے کی ضرورت پڑ سکتی ہے یا وہ داخلے کی کوشش کر رہا ہو؛
- سرکاری وکیل (Crown Attorney) عدالتی مقاصد کیلئے معلومات طلب کر رہا ہے؛
- جرم کے بنیادی عناصر کو ثابت کرنے کیلئے معلومات ضروری ہے؛ اور/یا
- تحقیقات جن میں حالات سے یہ واضح ہوتا ہے کہ نشانہ بننے والے یا گواہ کے امیگریشن کے رتبے کا تعین کرنا عوام کی حفاظت اور تحفظ، یا افسر کی حفاظت کیلئے ضروری ہے۔

## اگر میں معذور ہوں تو اس صورت میں کیا ہو گا؟ میں پولیس کو کال کیسے کروں؟

ٹورانٹو پولیس سروس معذور افراد کیلئے بہت سے طریقوں سے قابل رسائی ہے۔ سروس کی ویب سائٹ معذوری والے اونٹاریو کے شہریوں کیلئے رسائی کے قانون(Accessibility for Ontarians with Disabilities Act) کے مطابق ہے۔ جب کوئی فرد ٹورانٹو پولیس سروس کو کال کرتا ہے، تو زبان کی ترجمانی کی خدمات اور جو افراد قوت سماعت سے محروم ہیں ان کیلئے ٹی ٹی وائی (TTY) کا نظام نصب ہیں۔

## اگر میں پولیس کو کال کرتی ہوں، تو پھر آگے کیا ہو گا؟

اگر جنسی حملہ حال ہی میں ہوا ہے، یا آپ کو اس کا فوری خطرہ ہے، تو **911** کو کال کریں۔

اگر یہ حال ہی میں نہیں ہوا، تو مین ٹورانٹو پولیس فون نمبر پر کال کریں، **416-808-2222** اور ایک باوردی افسر آپ کے پاس پہنچے گا۔

جب جنسی حملے سے متعلقہ رپورٹ کیلئے وہ پہنچے گا، تو باوردی افسر مندرجہ ذیل کرے گا:

- جنسی حملے کا نشانہ بننے والے فرد کی جگہ پر پہنچنے پر، ان کی جسمانی اور جذباتی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے خبر گیری کرے گا اور اگر ضرورت ہو گی تو ایمبولینس کیلئے کال کرے گا؛
- وقوعہ کا بنیادی تفصیلات کی جانکاری کیلئے نشانہ بننے والے فرد کی مدد سے ابتدائی تفتیش کرے گا۔ اگر ممکن ہوا تو ایسا خفیہ ماحول میں ہوگا؛
- اگر نشانہ بننے والے فرد کی کوئی خاص ضروریات (مثلاً ترجمانی، اشاروں کی زبان، جسمانی اور دیگر معذوریاں) ہیں تو مدد کیلئے کسی موزوں فرد یا ایجنسی سے رابطہ کرے گا؛

- جنسی حملے کی نوعیت کے مطابق، زخموں کے علاج کیلئے افسر نشانہ بننے والے فرد سے ہسپتال جانے اور جنسی حملے کے ثبوت کی کِٹ (ایس اے ای کے) [(SAEK)]کروانے کیلئے کہہ سکتا ہے۔ کِٹ کے ذریعے عدالتی ثبوت اکٹھے کئے جائیں گے؛ اور/یا
- نشانہ بننے والے فرد کو فوری نازک وقت، صدمے اور سپورٹ کی خدمات کی فراہمی کیلئے ٹورانٹوخدمات ستم رسیدہ (Victim Services Toronto) سے رابطے کے انتخاب کا مشورہ دے گا۔

## جنسی حملے کے ثبوت کی کِٹ (ایس اے ای کے) [(SAEK) Sexual Assault Evidence Kit]کیا ہے؟

جنسی حملے کے ثبوت کی کِٹ (ایس اے ای کے) خاص طور پر مہر بند ڈبّہ ہے جس میں ثبوت اکٹھا کرنے کے استعال کے لفافے، بوتلیں اور دیگر ڈبّے موجود ہوتے ہیں۔ ثبوت مختلف اوقات میں اکٹھے کئے جا سکتے ہیں، تاہم جتنی جلدی ہو سکے اتنا بہتر ہے۔ حملے کے 72 گھنٹوں کے اندر اندر جسمانی ثبوت اکٹھا کرنے کا موقع سب سے بہتر ہوتا ہے؛ تاہم ثبوت 12 دنوں بعد تک بھی دستیاب ہو سکتا ہے۔

## ایس اے ای کے سے معائنہ کہاں کیا جائے گا؟

ایس اے ای کے سے معائنہ جنسی حملے/گھریلو تشدد کے علاج کا مرکز (ایس اے/ڈی وی سی سی) [Sexual Assault/Domestic Violence Care Centre (SA/DVCC)] میں ہسپتال میں کیا جائے گا۔
جنسی حملے/گھریلو تشدد کے علاج کے مراکز ٹورانٹو میں مندرجہ ذیل ہیں:

Women's College Hospital
76 Grenville Street
Toronto, Ontario, M5S 1B2
416-323-6040
www.womenscollegehospital.ca/programs-and-services/sexual-assault-domestic-violence-care-centre/

Scarborough Hospital – Birchmount Campus
3030 Birchmount Road
Toronto, Ontario, M1W 3W3
416-495-2555
www.sacc.to

The Hospital for Sick Children (SickKids)
Suspected Child Abuse and Neglect (SCAN) Program
555 University Avenue

Room 6427 Black Wing
(416) 813-6275 **(دن کے وقت)**
(416) 813-7500 **(24 گھنٹے)**
www.sickkids.ca/scan

ایس اے/ڈی وی سی سی حالیہ جنسی حملے کا نشانہ بننے والے عورت اور مرد دونوں اور قریبی پارٹنر کے تشدّد کیلئے ایمرجینسی سروس، فالو اپ صحت کی نگھداشت اور مشاورت فراہم کرتی ہے۔ ان کی نگھداشت ہر روز 24 گھنٹے میسر ہے اور اس میں مندرجہ ذیل شامل ہیں: نازک وقت میں مداخلت؛ جسمانی معائنہ؛ زخموں سے متعلق دستاویزی ثبوت تیار کرنا (بمع تصویریں)؛ جنسی طور پر منتقل ہو جانے والی انفیکشنوں اور حمل کیلئے معائنہ اور علاج کرنا؛ پولیس کو دینے (یا ہسپتال میں رکھنے) کیلئے عدالتی ثبوت اکٹھا کرنا؛ حفاظت سے متعلق منصوبہ بندی؛ اور جاری سپورٹ کیلئے حوالہ جات۔ ایس اے/ڈی وی سی سی پر فالو اپ صحت کی نگھداشت اور مشاورت بھی دستیاب ہیں۔

## کیا ایس اے ای کے سے متعلق میرے پاس کوئی انتخابات ہیں؟

ایس اے ای کے کیلئے طریق کار رضاکارانہ ہے، جس کا مطلب ہے کہ آپ کی رضامندی کی ضرورت ہے۔ جنسی حملے کا نشانہ بننے والا فرد ہونے کے ناطے، آپ کیلئے جو سب سے بہتر طریق کار ہے اس کے حوالے سے آپ جو بھی انتخابات کرتے ہیں ہم ان کی تائید کرتے ہیں۔

ایس اے ای کے سے متعلق جنسی حملے کا نشانہ بننے والوں کیلئے مندرجہ ذیل انتخابات موجود ہیں۔

- ایس اے ای کے کروانے اور پولیس کو معاملے میں شامل کرنے کیلئے آپ کی اپنی مرضی ہے۔
- ایس اے ای کے کروانے کی آپ کی اپنی مرضی ہے، لیکن آپ پولیس کو معاملے میں شامل نہیں کرنا چاہتے۔ (جنسی حملے کے علاج کے مرکز [Sexual Assault Care Centre] میں یہ کِٹ 6 ماہ تک رکھی جا سکتی ہے، بالفرض آپ اپنا ارادہ تبدیل کر لیں اور بعد میں پولیس کو معاملے میں شامل کرنا چاہتے ہوں)۔
- ایس اے ای کے کروانے سے انکار کرنا آپ کی مرضی ہے اور آپ محض پولیس کو معاملے میں شامل کرنا چاہتے ہیں۔

## ایس اے ای کے معائنے کو پولیس کے حوالے کر دینے کی میری رضا مندی کے بعد کیا ہوتا ہے؟

پولیس ہسپتال سے ایس اے ای کے حاصل کرتی ہے اور فوری طور پر فورینسک شناختی افسر (Forensic Identification Officer) کے حوالے کر دیتی ہے۔ یہ اطمینان کرنے کیلئے کہ تمام اشیائے ثبوت کا شمار کیا گیا ہے ایس اے ای کے کی چیزوں کی مکمل فہرست کے مطابق عمل کیا جاتا ہے۔ کیس کی تفصیلات پر نظر ثانی کرتے وقت، تجزئیے کیلئے ایس اے ای کے کو پیش کرنے کا اجازت نامہ حاصل کرنے کیلئے فورینسک شناختی افسر مرکزفورینسک سائنسز [Center of Forensic Sciences (CFS)] سے رابطہ کرے گا۔

تجزئیے کیلئے تمام اشیائے ثبوت پیش نہیں کی جاتیں۔ کیس کی تفصیلات کے مطابق، ایس اے ای کے کی جانب سے صرف متعلقہ اشیائے ثبوت اور/ یا کپڑے پیش کئے جاتے ہیں۔

## میرے کیس سے متعلقہ دیگر کس قسم کے ثبوت ہو سکتے ہیں؟

کسی بھی تفتیش میں ثبوت بہت اہم ہوتا ہے؛ اسلئے، ثبوت کو وقت پر اکٹھا کرنے پر غور کیا جانا چاہیئے۔ ثبوت صرف حیاتیاتی نمونوں تک ہی محدود نہیں ہیں، اس میں ویڈیو، بیانات، موبائل فون اور سوشل میڈیا کا مواد، اور دیگر دستاویزات بھی شامل ہیں۔ اگرچہ تفتیش کرتے وقت ثبوت حتمی طور پر ضروری نہیں ہیں، اس سے پولیس کو ان کی تفتیش میں بہت مدد ملتی ہے۔

## میرے کیس کی تفتیش کون کرے گا؟

جنسی حملے کے تمام کیسوں کی تفتیش ایسے پولیس افسران کرتے ہیں جو جنسی حملے کی تفتیشوں میں خاص طور پر تربیت یافتہ ہوتے ہیں۔ جنسی حملے کی تفتیشیں کرنے والے جو تربیت حاصل کرتے ہیں اس تربیت کو جنسی حملے کا نشانہ بننے والوں اور گواہوں کی ضروریات کا خیال رکھ کر، جنسی حملے کے کیسوں میں یکساں اور مکمل تفتیش کو مد نظر رکھ کر تیار کیا گیا ہے۔ جنسی حملے کا نشانہ بننے والے کے احساسات کے علاوہ، سب سے عمدہ طریقوں کو فروغ دے کر تربیت کو جنسی حملے کی تفتیشوں کو بہتر بنانے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔

جنسی حملے کی تفتیش کرنے والا کوئی تربیت یافتہ فرد آپ کے کیس کیلئے مقرر کیا جائے گا۔ ٹورانٹو میں جنسی حملے کے کیسوں کی سپردگی خطرے کی بنیاد پر تخمینہ کاری کے مطابق ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ:

- ایسے کیس جن میں مبینہ مجرم "جنسی حملے کا نشانہ بننے والے فرد کو جانتا ہے" اس کی تفتیش اس ڈویژن میں ہو گی جہاں جنسی حملہ وقوع پذیر ہوا تھا، اور؛
- ایسے کیس جو "کمیونٹی کیلئے زیادہ خطرے" والے سمجھے جاتے ہیں اور جنسی حملے کا نشانہ بننے والا فرد مبینہ مجرم کو "نہیں جانتا" ان کی تفتیش جنسی جرائم (Sex Crimes) والے کریں گے۔

آپ کے کیس کیلئے جنسی حملے کی تفتیش کرنے والا تربیت یافتہ مندرجہ ذیل کرے گا:

- وقوعہ کی مکمل طور پر تفتیش کرے گا؛
- یہ اطمینان کرے گا کہ جنسی حملے کا نشانہ بننے والے فرد کے پاس طبّی نگہداشت تک رسائی حاصل ہے؛
- ضرورت کے مطابق، تمام ثبوتوں کو اکٹھا کرنے کیلئے طریق کار کو بیان کرے گا بمع ایس اے ای کے؛
- ٹورانٹو خدمات ستم رسیدہ سے مشورہ کرے گا؛

- جہاں اور جب بھی تفصیلی انٹرویو ہوگا وہاں جنسی حملے کا نشانہ بننے والے فرد کو جانچے گا اور اس کے ساتھ بات چیت کرے گا؛
- پوچھے گا کہ آیا جنسی حملے کا نشانہ بننے والا فرد مرد یا عورت کو انٹرویو دینے کو ترجیح دیتا ہے اور نشانہ بننے والے کے انتخاب کا احترام کرنے کیلئے تمام موزوں کوششیں کرے گا؛
- جنسی حملے کا نشانہ بننے والے کو تفتیش کی پیش قدمی سے بروقت آگاہ رکھے گا؛
- جب موزوں ہو فرد جرم عائد کرے گا؛
- جنسی حملے کا نشانہ بننے والے کو مشورہ دے گا کہ اس کے پاس ستم رسیدہ کے متاثر ہونے کے بیان(Victim Impact Statement) کا حق ہے؛
- جنسی حملے کا نشانہ بننے والے کو آگاہ کرے گا کہ اسے موزوں فارم مکمل کرنے کی تیاری، عدالت کی تیاری اور ملزم کی عدالتی پیش قدمی سے آگاہ رکھنے میں مدد کیلئے کوئی فرد ستم رسیدہ کے گواہ کی مدد کے پروگرام (Victim Witness Assistance Program) میں سے اس سے رابطہ کرے گا۔

## کیا سب کو پتا چل جائے گا کہ میرے ساتھ کیا ہوا؟

آپ کی راز داری ہمارے لئے بہت اہم ہے۔ جب پولیس کو کسی جنسی حملے کی اطلاع دی جاتی ہے، تو اس بات کا تعین کرنے کیلئے تمام معاملات کا جائزہ لیا جاتا ہے کہ اس کی خبر جاری کی جائے یا نہ کی جائے۔ عام طور پر خبر اس صورت میں جاری کی جاتی ہے اگر:

- عوام کی سلامتی کو خطرہ ہو؛
- وقوعہ کے حل کیلئے لوگوں سے حاصل کی گئی معلومات حل میں مدد دے سکتی ہوں؛
- اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ مزید جرم کا شکار ہونے والے سامنے آسکتے ہیں؛ اور/ یا
- گرفتاری عمل میں آچکی ہے اور/ یا تفتیش میں نئی معلومات سامنے آئی ہیں۔

جنسی حملے کے بارے میں عام معلومات، بشمول تاریخ، وقت، اور حملے کا مقام، جاری کی گئی خبر میں شامل کئے جائیں گے۔ خبر میں جنسی حملے کا شکار ہونے والے فرد کی جنس اور عمر شامل ہوگی۔ خبر میں ملزم کی شکل و شباہت کی تفصیل بھی شامل ہوگی، اگر اس فرد کا ابھی پتہ نہ چل سکا ہو، یا اگر فرد کی شناخت ہو چکی ہو تو اس کا نام اور عمر خبر میں شامل ہوگی۔

آپ کا نام میڈیا کو کبھی بھی نہیں بتایا جائے گا۔

## گرفتاری کے بعد کیا ہوتا ہے؟

جب کسی شخص کو گرفتارکرلیا جاتا ہے اور اس پرکسی جرم میں فرد جرم عائد کی جاتی ہے، تو وہ عورت/مرد "ملزم" بن جاتا ہے۔ یہ حالات پر منحصر ہے، پولیس ملزم کو ضمانت پر رہائی کی سماعت کیلئے روک سکتی ہے، جسے شوکاز ہیئرنگ بھی کہا جاسکتا ہے، یا اس عورت/مرد کو شرائط کے ساتھ رہا کر سکتی ہے۔

اگر پولیس نے ملزم کو نہ چھوڑا ہو، تو ملزم کو ضمانت کی سماعت کیلئے گرفتاری کے **24** گھنٹوں کے اندر اندر لازمی طورپر امن کے جج (جے پی)[(Justice of the Peace (JP]یا کسی جج کے سامنے پیش ہونا پڑے گا۔

ضمانت کی سماعت میں، امن کا جج یا جج فیصلہ کرے گا کیا ملزم کو ضمانت پر رہا کیا جائے یا جیل میں رکھا جائے۔ ضمانت کا مطلب ہے کہ ملزم کا کوئی جاننے والا وعدے کے طورپر رقم یا کسی قسم کی یقین دہانی فراہم کرکے ضمانت دیتا ہے کہ ملزمہ یا ملزم مستقبل میں عدالتی تاریخوں میں پیشی کیلئے حاضر ہوگی یا ہوگا۔ ملزم کو مخصوص اصولوں کی پابندی کرنے کیلئے متفق ہونے کی بھی ضرورت ہے، جنہیں شرائط کے طورپر جانا جاتا ہے جیسے بھی امن کے جج یا جج نے فیصلہ کیا ہو۔

ان شرائط میں ایک شرط "رابطہ نہ کرنے کا حکم" ("No Contact Order") ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ ملزم آپ سے رابطہ نہیں کر سکتا - یہاں تک کہ کسی تیسرے فریق (کسی دوسرے فرد) کے ذریعے بھی نہیں۔ ملزم، یا ملزم کی درخواست پرکوئی بھی فرد آپ سے فون، چٹھی، ای میل، ٹیکسٹ میسیج، سوشل میڈیا یا ذاتی طورپر رابطہ نہیں کر سکتا۔ عام طورپر، ملزم کو آپ کے گھر، اسکول اور/ یا کام کے نزدیک آنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ اگر ملزم ضمانت کی شرائط میں سے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کرے، تو **آپ پولیس سے رابطہ کریں۔** ضمانت کی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر ملزم کے خلاف اضافی فرد جرم عائدکی جائے گی۔

عدالتی عمل میں ملزم عدالت کے سامنے متعدد پیشیاں بھگتے گا۔ ان میں سے عدالت کی کچھ تاریخوں کو "مقرّرہ تاریخیں"("Set Dates") کہا جائے گا۔ آپ کو عدالتوں کی ان تاریخوں میں پیش ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ تاریخیں وکلاء کیلئے معمول کی تیاری ہوتیں ہیں۔

اگرکوئی ابتدائی سماعت یا مقدمہ ہوا توپھر آپ کو صرف عدالتی تاریخ میں پیش ہونا ہوگا۔ ابتدائی سماعتوں اور مقدمات کے بارے میں وضاحت اس کتابچے میں بعد میں کی جائے گی۔

## اگر مجرم نہ پکڑا جائے توپھر کیا ہوتا ہے؟

حل نہ ہونے والے جنسی حملے کے کیس کبھی بند نہیں کئے جاتے؛ وہ کھلے رہتے ہیں۔ اگر مزید معلومات مل جائیں، تو مزید تفتیش کی جاتی ہے، جس کے نتیجے میں گرفتاری عمل میں آ سکتی ہے۔

## کیا پولیس ہمیشہ ملزم پر فرد جرم عائد کرتی ہے؟

اگر تفتیش کیلئے کافی ثبوت موجود ہو تو فرد جرم عائد کرنا پولیس کا فرض منصبی ہے۔ بعض اوقات پولیس فرد جرم عائد نہ کرنے کا فیصلہ کرے گی۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ آپ پر اعتبار نہیں کرتے یا یہ کہ جنسی حملہ وقوع پذیر نہیں ہوا۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ فرد جرم کو عدالت میں ثابت کرنے کیلئے کافی ثبوت موجود نہیں ہے۔اگر ایسا ہو جاتا ہے، تو تفتیش کنندہ وضاحت کر سکتا ہے کہ آپ کے کیس میں ایسا کیوں ہوا تھا۔ تفتیش کنندہ آپ کو دستیاب دیوانی انتخابات کے بارے میں بتا سکتا ہے (ان ایجنسیوں میں سے چند اس کتابچے کے پیچھے مل سکتی ہیں)۔

## عدالتی عمل میں کتنا عرصہ لگ جاتا ہے؟

اس کا انحصارکیس کی نوعیت پر ہے، عدالت کے کیس کو ختم ہونے میں متعدد ماہ سے متعدد سال کے درمیان لگ سکتے ہیں۔ اتنے لمبے عرصے کا انتظار آپ کیلئے مشکل ہو سکتا ہے۔ یہ ضروری ہے کہ اس مدت کے دوران آپ کو مدد حاصل ہو۔ ایسی کمیونٹی ایجنسیاں موجود ہیں جو اس عمل کے دوران آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ (ایسی چند ایجنسیاں آپ کو اس کتابچے کے پیچھے مل سکتی ہیں)۔

## عدالت میں کیا ہوتا ہے؟

آپ کا کیس ستم رسیدہ کے گواہ کی مدد کے پروگرام (وی ڈبلیو اے پی) میں کسی ورکر کے پاس بھیجا جائے گا، جو کہ عدالتوں میں عدالتی عمل کے بارے میں آپ کی رہنمائی کیلئے موجود ہوتے ہیں۔ ورکر کا کام آپ کو فوجداری عدالت میں کیس کی حیثت کے بارے میں معلومات فراہم کرنا اورتعزیری انصاف کے نظام کے بارے میں آپ کے سوالات کے جوابات دینا، کمرہ عدالت کے طریق کار اور عدالت میں آپ کے کردار کے بارے میں بیان کرنا ہے۔ وی ڈبلیو اے پی ورکر مندرجہ ذیل کرے گا:

- آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرے گا کہ ہر عدالتی تاریخ میں کیا توقع کی جانی چاہیئے؛
- آپ کو عدالتی کاغذات کی نقول فراہم کرے گا، جیسے کہ ضمانت کی شرائط اور آزمائشی مدت کا حکم نامہ (Probation Order)؛
- پورے عدالتی عمل کے ساتھ ساتھ جذباتی مدد پیش کرے گا؛
- ستم رسیدہ پر اثر انداز ہونے والا بیان مکمل کرنے میں مدد دے گا؛ اور
- اگر آپ شہادتی بیان دینا چاہتے ہوں، تو سرکاری وکیل سے آپ کی ملاقات کروانے کیلئے سرکاری وکیل کے دفتر سے رابطہ رکھے گا۔

ابتدائی عدالتی سماعت یا مقدمے کی تاریخ مقرر ہونے پر، جتنا جلد ممکن ہو سکے سرکاری وکیل مقرر کیا جائے گا۔ سرکاری وکیل کی ذمہ داری ہے کہ وہ آپ سے ملاقات کرے اور آپ کو مقدمے کے طریقہ کار کیلئے تیار کرے۔ تیاری عام طور پر تفتیشی افسر اور وی ڈبلیو اے پی کے نمائندوں کے ساتھ کی جاتی ہے۔

ایسے متعدد وسائل موجود ہیں جو آپ کو عدالت کیلئے تیار ہونے میں مدد دیں گے۔ تفتیش کنندہ آپ کو ان وسائل کی پیشکش کرے گا۔ یہ ویب سائٹ www.courtprep.ca کینیڈین انصاف کے طریق کار کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے اور اس میں متحرک کمرہ عدالت بھی شامل ہے۔

## ابتدائی عدالتی سماعت کیا ہے؟

ابتدائی عدالتی سماعت کسی جج کے سامنے ایک "چھوٹا مقدمہ" ہوتی ہے۔ اس کی ہر کیس میں ضرورت نہیں ہوتی، لیکن جب جنسی حملے کی فرد جرم عائد کی جاتی ہے تو یہ بہت ہی عام ہے۔ ابتدائی سماعت میں، جج اس بات کا فیصلہ کرے گا کہ مقدمہ شروع کرنے کیلئے سرکاری وکیل کے پاس کافی شواہد موجود ہیں۔ بہت ممکن ہے کہ ابتدائی سماعت میں آپ اپنا شہادتی بیان دیں۔ دوسرے گواہوں کو بھی بیان دینا پڑ سکتا ہے۔ ملزم اور اس عورت/مرد کا وکیل بھی حاضر ہوگا اور شہادتی بیان دے گا۔

## مقدمہ کی سماعت کیا ہوتی ہے؟

مقدمہ کی سماعت اس وقت ہوتی ہے جب حکومتی وکیل اور ملزم کا وکیل آپ سے اور دوسرے گواہوں سے پوچھے، کہ جنسی حملے سے پہلے، اس کے دوران اور اس کے بعد کیا ہوا تھا۔ مقدمہ کے آخر میں، جج مقدمے کے فیصلے کا اعلان کرتا ہے، جسے عدالتی فیصلہ کہا جاتا ہے۔ عدالتی فیصلے میں کئی ہفتے لگ سکتے ہیں جبکہ جج یا جیوری شہادت کا جائزہ لیتی ہے۔

عدالتی سماعت کے شروع میں، جنسی حملے کے الزام (الزامات) کے جواب میں ملزم "قصوروار" یا "بے قصور" ہونے کی دلیل دے گا۔ "قصوروار" ہونے کے عذر کا مطلب ہے کہ ملزم جرم کو مانتا ہے۔ ایسی صورتوں میں، کوئی عدالتی سماعت نہیں ہوگی اور آپ کو کوئی شہادتی بیان نہیں دینا پڑے گا۔ جج کیس کے حقائق کو سُنے گا، ملزم کو قصوروار پائے گا، اور فیصلہ کرے گا کہ سزا مقرر کی جائے۔ اگر ملزم کو قصوروار پایا جاتا ہے، تو جج مختلف سزاؤں میں سے کسی سزا کا انتخاب کرے گا۔

"قصوروار" نہ ہونے کے عذر کا مطلب ہے کہ ملزم اپنے جرم کو تسلیم نہیں کرتا۔ تو پھر ملزم کسی جج یا جج اور جیوری کے سامنے مقدمے کی سماعت کی درخواست کرتا ہے۔ ان صورتوں میں، آپ کو مقدمہ میں شہادتی بیان دینے کیلئے عدالت میں حاضر ہونا پڑے گا۔

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ اگر جج یا جیوری فیصلہ کرتی ہے کہ ملزم کو قصوروار نہیں پایا گیا، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ یا دوسرے گواہان پر یقین نہیں کیا گیا۔ اگر ملزم قصوروار نہ پایا گیا، تو ملزم بری کر دیا جاتا ہے۔ اسے رہائی کہا جاتا ہے۔

## کیا مجھے عدالت میں شہادتی بیان دینا پڑے گا؟

اگر ملزم قصوروار نہ ہونے کا مؤقف اختیار کرتا ہے، تو بہت ممکن ہے کہ آپ کو مقدمے کی ابتدائی سماعت میں ثبوت دینے کی ضرورت ہوگی۔ ایسے متعدد وسائل ہیں جو عدالت کیلئے تیار ہونے میں آپ کی مدد کریں گے۔ تفتیش کار آپ کو ایسے وسائل کی پیشکش کرے گا۔ یہ ویب سائٹ www.courtprep.ca کینیڈین طریقہ انصاف کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہے اور اس میں متحرک عدالتوں کے خاکے بھی شامل ہیں۔ یہ ویب سائٹ نوجوانوں اور سکاربرو ہسپتال کے جنسی حملے کے علاج کے مرکز نے تیار کی تھی۔

## اگر مجھے انگریزی میں بات چیت کرنے میں دقت ہے تو پھر کیا ہوگا؟

آپ کو وہ زبان بولنے کی اجازت ہوگی جس میں آپ آسانی محسوس کرتے ہیں۔ پولیس کے ساتھ بات چیت کرنے یا عدالت میں بیان دینے میں مدد کیلئے اگر آپ کو کسی ترجمان کی ضرورت ہے، جس میں اشاروں کی زبان کے ترجمان بھی شامل ہیں، تو آپ کو ترجمان فراہم کیا جائے گا۔

## ستم رسیدہ کے متاثر ہونے والا بیان (Victim Impact Statement) کیا ہے؟

اگر عدالت ملزم کو قصوروار پاتی ہے، بمع اگر ملزم مدعی کے دعوے اور مطالبے سے انکارکرتا ہے، تو سرکاری وکیل آپ کو ستم رسیدہ کے متاثر ہونے والے بیان کیلئے کہے گا۔ یہ دستاویز آپ کیلئے ایک موقع ہے کہ آپ اس میں بتائیں کہ جنسی حملے نے آپ کی زندگی کو جذباتی اور جسمانی طور پرکیسے متاثر کیا۔ سزا دینے کیلئے جج اس بیان پر غورکرے گا۔ ستم رسیدہ کے گواہ کی مدد کے پروگرام (وی ڈبلیو اے پی) کا ورکر ستم رسیدہ کے متاثر ہونے والے بیان کے فارم مکمل کرنے میں مدد کرے گا۔

ستم رسیدہ کے متاثر ہونے والا بیان آپ کا انتخاب ہے۔ آپ کو ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہے تاکہ ملزم کو سزا ملے۔ اگر آپ چاہتے ہوں تو اپنا بیان عدالت میں پڑھنے کا انتخاب بھی آپ کا ہے۔ جج کیلئے بہت ضروری ہے کہ وہ جنسی حملے کے آپ یا آپ کی زندگی پر مرتب ہونے والے اثرات کو سمجھتا ہو۔ اگر آپ لازمی طور پر اپنا یہ بیان مکمل کرتے ہیں، جب جج فیصلہ کرتا ہے کہ کون سی سزا دی جائے تو آپ نے جو بیان کیا ہے، جج کیلئے ضروری ہوتا ہے کہ اس پر غورکرے۔

## جج کس قسم کی سزا تجویز کر سکتا ہے؟

*آزمائشی مدت:*

جب مجرم اپنا وقت کمیونٹی میں گزارتے ہیں تو اسے آزمائشی مدت کہا جاتاہے۔ کسی پروبیشن آفیسر کیلئے ان کی نگرانی کرنا اور ان سے ملاقات کرتے رہنا لازمی ہوتاہے۔ مجرم کیلئے عام طور پر اُصول ہوتے ہیں جن پر اسے عمل کرنا پڑتا ہے جن کی فہرست آزمائشی مدت کے حکم میں ہوتی ہے۔ یہ اصول، جنہیں شرائط کہا جاتا ہے، ان میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتے ہیں: شراب کا استعمال نہ کرنا؛ کسی خاص جگہوں یا لوگوں سے دُور رہنا؛ کونسلنگ میں حاضری دینا؛ ملازمت کی تلاش کرنا یا اسے برقرار رکھنا؛ کرفیو پر عمل کرنا۔ آزمائشی مدت کا حکم نامہ تین سالوں سے زیادہ نہیں ہو سکتا۔

اگر مجرم آزمائشی مدت کی شرائط میں سے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کرتا ہے، تو اس عورت/مرد کو گرفتار کیا جاسکتا اور اس پر نیا فرد جرم "آزمائشی مدت کی خلاف ورزی" عائد کیا جاسکتا ہے۔

*آزمائشی مدّت کے دوران سزا کی معطلی:*

کوئی جج کسی مجرم کو سزا دینے کے عمل کو معطل کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جج آزمائشی مدت کے حکم نامے کے ساتھ مجرم کو رہا کر سکتا ہے۔ مجرم جیل نہیں کاٹتا، لیکن وہ آزمائشی مدت کے افسر کی نگرانی میں ہوتا ہے۔

*وقفہ دار سزا:*

جب کوئی جج 90 دنوں یا اس سے کم سزا کا حکم دیتا ہے، تو مجرم صرف اختتام ہفتہ کے دنوں میں جیل جاسکتا ہے۔ اس طرح مجرم کو ملازمت پر یا اسکول جانے کی اجازت ہوتی ہے، یا اپنی صحت کے معاملات کی طرف توجہ دے سکتا ہے۔ یہ سزا ہمیشہ صرف آزمائشی مدت کے حکم کے ساتھ ملتی ہے۔ جب مجرم جیل میں نہیں ہوتا، تو مجرم کو لازمی طور پر آزمائشی مدت کے حکم پر عمل کرنا پڑتا ہے۔

*حراست:*

حراست کا مطلب ہے کہ مجرم کو جیل بھیجا جاتا ہے۔ سزا کے حصے کے طور پر جج "رابطہ نہ کرنے کا حکم" بھی دے سکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ مجرم جیل سے آپ کے ساتھ رابطہ نہیں کر سکتا۔

اگر سزا دو سالوں سے کم ہو، تو مجرم کو "صوبائی جیل" میں بھیجا جاتا ہے۔ کسی مجرم کو آزمائشی مدت کا حکم بھی دیا جاسکتا ہے جس پر اس عورت/مرد کو جیل سے باہر آکر اس پر عمل کرنا پڑتا ہے۔

اگر سزا دو سال یا اس سے زائد ہوتی ہے، تو مجرم کو "وفاقی جیل" میں بھیجا جائے گا۔ کم، درمیانے یا زیادہ حفاظت والی جیلیں موجود ہیں۔ حفاظتی سطح کا تعین اس خطرے کے مطابق کیا جاتا ہے جو مجرم جیل کے دوران پیدا کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جنسی حملہ کم یا زیادہ شدید تھا۔

*اپیلیں:*

کسی جج کی طرف سے دی گئی رہائی، اثبات جرم، یا سزا پر نظرثانی کیلئے مجرم یا سرکاری وکیل بڑی عدالت کیلئے کہہ سکتا ہے۔ ایسا سزا ہونے کے 30 دنوں کے اندر اندر لازمی طور پر کرنا چاہیئے۔

اگر بڑی عدالت اپیل سننے کیلئے متفق ہو جاتی ہے، تو جج اصل عدالت کے فیصلے، سزا، یا تمام مقدمے کو دوبارہ سننے کا حکم دے سکتا ہے۔ آپ کو اپیل والی عدالت میں شہادتی بیان دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ اگر نئے سرے سے عدالتی سماعت کا حکم دیا جائے تو صرف اس صورت میں آپ کو شہادتی بیان دینے کی ضرورت ہوگی۔

## عارضی رہائی (Parole) کیا ہوتی ہے؟

اپنی سزا کا ایک تہائی حصہ کاٹنے کے بعد یا سات سالوں بعد زیادہ تر مجرم وقت سے پہلے رہائی کیلئے درخواست دے سکتے ہیں، جو بھی پہلے آتا ہو۔ ایک عارضی رہائی کا بورڈ(Parole Board) فیصلہ کرے گا کہ آیا عارضی رہائی کیلئے مجرم کی درخواست منظور کی جائے یا نہ کی جائے، جس کی بنیاد مجرم کے روئیے اور مکمل کردہ پروگراموں یا مجرم کے برتاؤ پر ہوگی۔ وہ مجرم جن کی عارضی رہائی نامنظور کر دی جائے وہ ہر دو سالوں کے بعد پھر درخواست دے سکتے ہیں۔

کچھ مجرمین جو وفاقی جیل کے نظام میں قید ہوتے ہیں انہیں اپنی ایک تہائی سزا گزارنے کے بعد عارضی رہائی کیلئے درخواست دینے کی اجازت نہیں ہوتی۔ ایسی صورتوں میں، سزا دینے کے دوران جج اس تاریخ کا فیصلہ کرتا ہے جب مجرم کو عارضی رہائی کیلئے درخواست دینے کی اجازت ہوگی۔

اگر کسی مجرم کیلئے عارضی رہائی کی منظوری ہو جاتی ہے، تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ مجرم بغیر کسی نگرانی کے آزاد ہے۔ مجرم کو جیل سے نکال دیا جائے گا اور وہ اپنی بقیہ ماندہ سزا مخصوص شرائط کے تحت اور کسی عارضی رہائی کے افسر کی زیر نگرانی کمیونٹی میں گزارے گا۔

## مجرم کو جیل سے کب رہا کیا جائے گا؟

زیادہ تر مجرمین اپنی پوری سزا جیل میں نہیں کاٹتے۔ زیادہ تر صورتوں میں، کسی مجرم کو اپنی سزا کا ایک حصہ گزارنے کے بعد عارضی رہائی پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ آپ اس بات کی درخواست دے سکتے ہیں کہ جب مجرم کی رہائی اور عارضی رہائی کی سماعت ہو تو آپ کو مطلع کیا جائے۔

اگر مجرم کسی "صوبائی جیل" میں سزا کاٹ رہا ہے - تو آپ ستم رسیدہ کو اطلاع دینے والے سسٹم (Victim Notification System) میں اس نمبر پر فون کر کے اندراج کروا سکتے ہیں: **416-314-2447** یا اس نمبر پر مفت کال کریں: **1-888-579-2888** کال کے دوران وکٹم نوٹیفیکیشن سروس (Victim Notification Service) کا انتخاب کریں۔

اگر مجرم کسی "وفاقی جیل" میں سزا کاٹ رہا ہے - تو آپ قومی عارضی رہائی کے بورڈ میں اس نمبر پر مفت کال کر کے اندراج کروا سکتے ہیں: **1-800-518-8817**

اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہ آپ کو عارضی رہائی کی سماعت کے بارے میں اطلاع دی جا سکے، یا اگر مجرم کو منتقل کیا جاتا یا چھوڑا جاتا ہے، تو تادیبی خدمات کینیڈا (Correctional Services Canada) کی ستم رسیدہ کی خدمات کے یونٹ کو اس نمبر پر مفت کال کریں: **1-866-806-2275**

## کینیڈین جرم کا شکار ہونے والوں کے حقوق کا قانون (سی وی بی آر)

## [Canadian Victims Bills of Rights (CVBR)]

کینیڈین جرم کا شکار ہونے والوں کے حقوق کا قانون (سی وی بی آر) اصولوں کا مجموعہ ہے جو رہنمائی کرتا ہے کہ جرم کیلئے انصاف کے طریقہ کار میں مختلف مراحل پر جرم کا شکار ہونے والوں سے کس طرح برتاؤ کیا جانا چاہیئے۔

اس قانون کے مطابق، ایک جرم کا شکار ہونے والے کی تعریف اس طرح ہے کہ ایک ایسا فرد جسے جرم کے نتیجے میں جسمانی یا جذباتی طور پر نقصان پہنچا ہو، جسے پراپرٹی کا یا معاشی نقصان پہنچا ہو۔

سی وی بی آر جرم کے شکار ہونے والوں کیلئے قانونی حقوق فراہم کرتا ہے:

- معلومات حاصل کرنے کا حق
- حصہ لینے کا حق
- تحفظ کا حق
- نقصان کی تلافی کا حق

**کینیڈین جرم کا شکار ہونے والوں کے حقوق کے قانون کے بارے میں مزید معلومات کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر "Victims of Crime" کے تحت اس ویب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں www.canada.ca**

## کیا میں کسی مالی تلافی کیلئے اہل ہوں؟

جنسی حملے کا شکار ہونے کے ناطے مالی تلافی کے لحاظ سے چند انتخابات دستیاب ہیں جن کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔

*جرم کا شکار ہونے والے کا فوری ریسپانس کا پروگرام (وی کیو آر پی)*

وزارت اٹارنی جنرل معرفت ستم رسیدہ سروسز برانچ ،
ستم رسیدہ کی سروسز ٹورانٹو
416-808-7066

وی کیو آر پی ان جنسی حملے کے شکار افراد کو قلیل المدتی مدد فراہم کرتی ہے جو پولیس، جنسی حملے کے مرکز، ہسپتال اور/یا کمیونٹی کی دوسری ایجنسیوں کو اس کی اطلاع دیتے ہیں۔

مزید معلومات یا اہلیت کے رہنما اصولوں کا جائزہ لینے کیلئے براہِ مہربانی ٹورانٹو خدمات ستم رسیدہ کے مرکز سے مندرجہ ذیل فون نمبر پر رابطہ کریں 416-808-7066

*جرائم سے لگنے والے زخموں کی تلافی کا بورڈ (سی آئی سی بی)*

www.cicb.gov.on.ca
1-800-372-7463

سی آئی بی سی (CICB) جرم کا نشانہ بننے والے لوگوں کیلئے مالی تلافیاں فراہم کرتی ہے جو اونٹاریو میں تشّدد والے جرم سے زخمی کئےگئے ہوں، جن میں جنسی حملہ شامل ہے۔ ممکن ہے تلافی کی رقم اس وقت بھی ادا کر دی جائے یہاں تک کہ کوئی الزامات بھی نہ لگے ہوں یا اگر جرائم کے مقدموں میں اثبات جرم بھی ثابت نہ ہو۔ سی آئی بی سی طبّی خراجات، تھراپی اور/ یا کونسلنگ کے اخراجات، آمدنی کے نقصان کے ساتھ ساتھ، درد اور زخموں سے متاثر ہونا اور/ یا جنسی حملے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی امداد کر سکتی ہے۔

## میں ٹورانٹو میں مدد اور کونسلنگ کہاں تلاش کر سکتی/ سکتا ہوں؟

جنسی حملے کے بعد آپ کو بہت سے وسائل دستیاب ہیں، تفتیش کے دوران اور عدالتی سماعت کے بعد۔ اس بات کو یقینی بنانے کیلئے ٹورانٹو پولیس سروس بہت سی ایجنسیوں کے ساتھ کام کرتی ہے کہ اگر کسی کو ضرورت ہو تو مدد موجود ہے۔ لوگ جو ان مدد کی ایجنسیوں میں کام کرتے ہیں وہ افسران نہیں ہیں۔

*ٹورانٹو خدماتِ ستم رسیدہ*

ٹورانٹو خدمات ستم رسیدہ ایک غیر منافع بخش، مخیرانہ ادارہ ہے جو جرم کا شکار ہونے والوں کی مدد کیلئے پرُعزم ہے۔ وہ پُر اثر، قابل رسائی، اور تابع احتساب پروگرام اور خدمات فراہم کر رہا ہے۔ وہ جرم کا شکار ہونے والوں کے معیار زندگی کی بحالی اور اسے بہتر بنانے اور انہیں دوبارہ جرم کا شکار نہ ہونے سے بچانے پر اپنی توجہ مرکوز رکھتا ہے۔

فوری اور موقع پر مدد اور نازک لمحات میں مدد، جو 24/7 کام کرتی ہے۔ یہ کونسلنگ، پیروی، تشدّد سے بچاؤ، حفاظتی خدمات اور آؤٹ ریچ کیلئے آپ کی مقامی کمیونٹی ایجنسیوں اور وسائل سے آپ کا رابطہ کرواتی ہے۔

40 College Street
Toronto, Ontario, M5G 2J3
416-808-7066
ای میل: info@victimservicestoronto.com
ویب سائٹ: www.victimservicestoronto.com

*ستم رسیدہ کے گواہ کی مدد کا پروگرام (وی ڈبلیو اے پی)*

عدالتی طریقہ کار کیلئے جرم کا نشانہ بننے والے تمام لوگوں اور جرم کے گواہوں کیلئے وی ڈبلیو اے پی معلومات، معاونت اور مدد فراہم کرتا ہے۔ وی ڈبلیو اے پی صوبے بھر کی عدالتوں کے اندر واقع ہے۔ کسی وی ڈبلیو اے پی آفس والی قریبی عدالت کی تلاش کیلئے، ٹیلیفون ڈائریکٹری دیکھیں (بلیو پیجز پر "Courts" کے تحت تمام عدالتوں کی فہرست موجود ہے)۔ آپ وزارت اٹارنی جنرل کی ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔
www.ontario.ca/attorneygeneral

*جنسی حملے کے سول وکلاء*

ایسے وکلاء موجود ہیں جو بچپن کی جنسی بدسلوکی کے شکار ہونے والے بچوں اور بالغوں پر ہونے والے جنسی حملے کے شکار ہونے والے افراد کے کیسوں پر توجہ دیتے ہیں۔ کسی جنسی حملے کے سول جنسی حملے کے وکیل کو حاصل کرنے کا مقصد مالی تلافی ہے۔ آپ مجرم پر مقدمہ دائر کر سکتے ہیں اور اگر کوئی ادارہ ملوّث ہو تو آپ اس پر بھی مقدمہ دائر کر سکتے ہیں۔

ٹورانٹو پولیس سروس کسی مخصوص وکیل کی سفارش کرنے سے قاصر ہے۔ اگر آپ کسی وکیل سے رابطہ کرنا چاہتے ہیں، تو آپ اس کتابچے میں دئیے گئے کسی وسائل میں سے کوئی وکیل ڈھونڈ سکتے ہیں یا نیچے دی گئی ایجنسیوں کی فہرست سے کسی کے ساتھ رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر جرم کے طریقہ کار میں ملزم کو قصوروار نہ پایا گیا، تو مالی تلافی کیلئے آپ پھر بھی سول وکیل کے ذریعے پیش قدمی کر سکتے ہیں۔

### *لاء سوسائٹی آف اَپر کینیڈا*

The Lawyer Referral Service (وکیلوں کے پاس بھیجنے والی خدمات)

416-947-3330

1-800-268-8326 (بلامعاوضہ)

www.lsuc.on.ca

Ontario Trial Lawyers Association (اونٹاریو مقدمے کے وکلاء کی ایسوسی ایشن)

905-639-6852

1-800-567-3047 (بلامعاوضہ)

www.otla.com

### *نازک لمحات کی لائینز*

Call 2-1-1

www.211toronto.ca

Toronto Rape Crisis Centre/Multicultural Women Against Rape

(ٹورانٹو ریپ کرائسس سینٹر/ملٹی کلچرل وومن اگینسٹ ریپ)

416-597-88058 : نازک لمحات میں 24 گھنٹوں کی لائن

crisis@trccmcwar.ca

### *میڈیکل*

Women’s College Hospital (وومنز کالج ہسپتال)

Sexual Assault Domestic Violence Care Centre (جنسی حملے گھریلو تشدّد کے علاج کا مرکز)

76 Grenville Street

Toronto, Ontario M5S1B2

416-323-6040
www.womenscollegehospital.ca/programs-and-services/sexual-assault-domestic-violence-care-centre

Scarborough Hospital Birchmount Campus (سکاربرو ہسپتال برچ ماؤنٹ کیمپس)
Sexual Assault Domestic Violence Care Centre (جنسی حملے گھریلو تشدّد کے علاج کا مرکز)
3030 Birchmount Road
Toronto, Ontario, M1W 3W3
416-495-2555
www.sacc.to

Sexual Assault/Domestic Violence Care Centre (SA/DVCC)
[جنسی حملے/ گھریلو تشدّد کے علاج کا مرکز(ایس اے/ڈی وی سی سی)]
(416) 314-2447
1 (888) 579-2888 (بلامعاوضہ)
www.sadvtreatmentcentres.net

Sick Kids Hospital (بیمار بچوں کا ہسپتال)
Suspected Child Abuse and Neglect (SCAN) Program
[بچوں کے ساتھ ناروا سلوک اور نظر اندازی (ایس سی اے این) کرنے کا پروگرام]
555 University Avenue
Room 6427, Black Wing
Toronto, Ontario, M5G1X8
(416) 813-6275 [دن کے وقت]
(416) 813-7500 [24 گھنٹے]
www.sickkids.ca/scan

Mount Sinai Hospital (ماؤنٹ سینائی ہسپتال)
Clinic for HIV Related Concerns (ایچ آئی وی سے متعلقہ خدشات کی کلینک)
600 University Avenue, Room 963
Toronto, Ontario, M5G 1X5
(416) 586-4800 ایکسٹینشن 8714
www.mountsinai.on.ca/care/psych/patient-programs/hiv-clinc

Mount Sinai Hospital (ماؤنٹ سینائی ہسپتال)
Trauma Clinic (صدمے کے علاج کی کلینک)

600 University Avenue, Room 963
Toronto, Ontario, M5G 1X5
(416) 586-4800 ایکسٹینشن 8714
[www.mountsinai.on.ca/care/psych/patient-programs/trauma-clinic](www.mountsinai.on.ca/care/psych/patient-programs/trauma-clinic)

### کونسلنگ

Barbra Schlifer Clinic – Women Only (باربرا شلفرکلینک - صرف خواتین کیلئے)
489 College Street
Toronto, Ontario, M6G 1A5
416-323-9149
[www.schliferclinic.com](www.schliferclinic.com)

Egale Canada Human Rights Trust (ایگیل کینیڈا انسانی حقوق کا ٹرسٹ)
185 Carlton Street
Toronto, Ontario, M5A 2K7
416-906-7887
[www.egale.ca](www.egale.ca)

Elder Abuse Ontario (بزرگوں سے ناروا سلوک اونٹاریو)
2 Billingham Road Suite 306
Toronto, Ontario, M9B 6E1
416-916-6728
[www.elderabuseontario.com](www.elderabuseontario.com)
[info@elderabuseontario.com](mailto:info@elderabuseontario.com)

Family Services Toronto (خاندان کیلئے خدمات ٹورانٹو)
128 A Sterling Road
Toronto, Ontario, M6P 0A1
(416) 595-9230
[www.familyservicetoronto.org](www.familyservicetoronto.org)

Metropolitan Action Committee on Violence Against Women and Children (METRAC) – Women Only
میٹرو پولیٹن ایکشن کمیٹی برائے خواتین اور بچے (ایم ای ٹی آر اے سی) - صرف خواتین کیلئے
158 Spadina Road

Toronto, Ontario, M5R 2T8
(416) 392-3135
info@metrac.org
www.metrac.org

(سکاربرو شونیکر کلینک) Scarborough Shoniker Clinic
2877A Ellesmere Road
Scarborough, Ontario, M1E 4C1
(416) 281-7301
www.rougevalley.ca/shoniker-clinic

(شربرن ہیلتھ سینٹر) Sherbourne Health Centre
333 Sherbourne Street
Toronto, Ontario, M5A 2S5
www.sherbourne.on.ca
info@sherbourne.on.ca

(دی گیٹ ہاؤس) The Gatehouse
3101 Lake Shore Boulevard West
Toronto, Ontario, M8V 3W8
(416) 255-5900
www.thegathehouse.org
Toronto Rape Crisis Centre/Multicultural Women Against Rape
(TRCC/MWAR) – Women Only
(ٹورانٹو ریپ کرائسس سینٹر/ ملٹی کلچرل وومن اگینسٹ ریپ
(ٹی آرسی سی/ ایم ڈبلیو اے آر) - صرف خواتین کیلئے
(416) 597-1171
www.trccmwar.ca
info@trccmcwar.ca

(ٹورانٹو ٹرانس الائنس) Toronto Trans Alliance
www.torontotransalliance.com

(بُوسٹ سی وائی اے سی) Boost CYAC
890 Yonge Street

Toronto, Ontario, M4W 3P4
(416) 515-1100
info@boostforkids.org
www.boostforkids.org

(کووینینٹ ہاؤس) Covenant House
20 Gerrard Street East
Toronto, Ontario, M5B 2P3
416-598-4898
www.covenanthousetoronto.ca

(ایسٹ میٹرو یوتھ سروسز) East Metro Youth Services
1200 Markham Road
Scarborough, Ontario, M1H 3C3
416-438-3697
www.emys.on.ca

*مخصوص ثقافتی*

(ابریگو سینٹر) Abrigo Centre
1645 Dufferin Street
Toronto, Ontario, M6H 3L9
416-534-3434
www.abrigo.ca

Butterfly Asian & Migrant Sex Workers Support Network
(بٹرفلائی ایشیئن اینڈ مائیگرینٹ سیکس ورکرز سپورٹ نیٹ ورک)
416-906-3098
www.butterfly.sw.org
cswbutterfly@gmail.com

(سینٹر فرینکو فون ڈی ٹورانٹو) Centre francophone de Toronto
555 Richmond Street West
Toronto, Ontario, M5V 3B1
416-922-2672
www.centrefranco.org
infos@centrefranco.org

Chinese Family Services of Ontario (اونٹاریو میں چینی خاندانی خدمات)
3330 Midland Avenue, Suite 229
Scarborough, Ontario, M1V 5E7
416-979-8299
www.chinesefamilyso.com
info@chinesefamilyso.com

Native Women's Resource Centre, Sexual Assault Care Centre – Women Only
(نیٹو ریسورس سینٹر، جنسی حملے کے علاج کا سینٹر - صرف خواتین کیلئے)
191 Gerrard Street East
Toronto, Ontario, M5A 3E5
416-963-9963
www.nwrct.ca
info@nwrct.ca

Rexdale Women's Centre – Women Only (ریکسڈیل وومنز سینٹر - صرف خواتین کیلئے)
925 Albion Road, Suite 309
Toronto, Ontario, M9V 1A6
416-745-0062
www.rexdalewomen.org

Riverdale Immigrant Women's Center – Women Only
(ریورڈیل امیگرینٹ وومنز سینٹر - صرف خواتین کیلئے)
1326 Gerrard Street East
Toronto, Ontario, M4L 1Z1
416-465-6021
www.riwc.ca

South Asian Legal Clinic of Ontario (ساؤتھ ایشیئن لیگل کلینک آف ٹورانٹو)
45 Sheppard Avenue East Suite 106A
North York, Ontario, M2N 5W9
416-487-6371
www.salc.on.ca

South Asian Women's Centre – Women Only
(ساؤتھ ایشیئن وومنز سینٹر - صرف خواتین کیلئے)

800 Lansdowne Avenue Suite 1
Toronto, Ontario, M6H 4K3
416-537-2276
www.sawc.org
info@sawc.org

The Centre for Spanish Speaking Peoples (دی سینٹر فار اسپینش اسپیکنگ پیپل)
2141 Jane Street, 2nd Floor
Toronto, Ontario, M3M 1A2
416-533-8545
www.spanishservices.org
info@spanishservices.org

The Centre OASIS des femmes – Women Only (اوایسس ڈیس فیمس - صرف خواتین کیلئے)
465 Yonge Street
Toronto, Ontario, M4Y 1X0
416-591-6565
www.oasisfemmes.org
services@oasisfemmes.org

West Neighbourhood House (ویسٹ نیبرہُڈ ہاؤس)
248 Ossington Avenue
Toronto, Ontario, M6J 3A2
416-532-4828
www.westnh.org
info@westnh.org

Women's Health in Women's Hands – Women Only
(وومنز ہیلتھ اِن وومنز ہینڈز - صرف خواتین کیلئے)
2 Carlton Street Suite 500
Toronto, Ontario, M5B 1J3
416-593-7655
www.whiwh.com
info@whiwh.com

### دیگر وسائل

Canadian Centre for Abuse Awareness (CCAA)
[کینیڈین سینٹر فار ابیوز اوئیر نیس (سی سی اے اے)]
(905) 967-0687
www.abusehurts.ca

Courtprep (کورٹ پریپ)
www.courtprep.ca

Victims Matter (وکٹمز میٹر)
www.victimsmatter.gc.ca